روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 8/ اکتوبر 2008ء 8 شوال 1429 ہجری 8/ اخاء 1387 ھش جلد 58-93 نمبر 229

افضل مہینہ

حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کا ذکر فرمایا اور اسے تمام مہینوں سے افضل قرار دیا اور فرمایا جو شخص رمضان میں حالت ایمان اور احتساب کے ساتھ عبادت کرتا ہے وہ گناہوں سے اس طرح نکل آتا ہے جیسے اس کی ماں نے اسے جنا تھا۔

(سنن نسائی کتاب الصیام حدیث نمبر 2179)

خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کی پہلی عیدالفطر کے موقع پر حضور انور کے پُر معارف خطبہ عیدالفطر کا خلاصہ

حقیقی عید وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے انعامات کے ساتھ منائی جائے

وہ عید جو ہمیں رمضان کے بعد ملی ہے' یہ خدا تعالیٰ کی خاطر قربانیوں کا ایک اظہار ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ عیدالفطر فرمودہ 2/ اکتوبر 2008ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ عید کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 2/ اکتوبر 2008ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کی پہلی عیدالفطر کے موقع پر خطبہ عید ارشاد فرمایا۔ جسے متعدد زبانوں میں رواں ترجمے کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ کے آغاز میں فرمایا۔ آج عیدالفطر کا دن ہے۔ عید کے لفظی معانی بار بار لوٹ کر آنے والی کے ہیں۔ دین میں اس لفظ کو یوم الفطر اور یوم الاضحیٰ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

حدیث میں ہے کہ یہ دن کھانے پینے اور خوشی منانے کا دن ہے۔ عام محاورے میں بھی یہ لفظ مستعمل ہے جیسے کہتے ہیں آج تو عید کرا دی یا عید ہو گئی وغیرہ مومن ہر سال دو عیدیں مناتے ہیں اس میں خدا تعالیٰ نے انسان کو نفس اور مال کی قربانی کی طرف متوجہ کیا ہے اور پھر ان قربانیوں کے بعد خوشیوں کے اظہار کا بھی خدا کی طرف سے حکم ہے کیونکہ یہ عیدیں خدا کے حکم سے منائی جاتی ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہماری عید عام لوگوں سے ہٹ کر روحانی رزق کی فراوانی کا نام ہے۔ حقیقی عید تو وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے انعامات کے ساتھ ہو۔ پھر اللہ اور اس کے رسولؐ کی مکمل اطاعت ہو جس کے نتیجے میں پھر خدا تعالیٰ کی طرف سے بڑے بڑے انعامات ملتے ہیں۔ آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے حقیقی عید تو احمدیوں کو ہی نصیب ہے جو بڑے بڑے انعامات کے وارث بنائے گئے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ رمضان کی عبادات کو اپنی زندگیوں میں باقاعدگی سے جاری رکھنا یہی امر تو ہمیں اللہ تعالیٰ کی کامل اطاعت اور قرب کا ذریعہ بنائے گا اور یہی حقیقی عید ہے اور ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہے۔ حقیقی عید کو دنیا کی مشکلیں دور نہیں کر سکتیں اللہ کی طرف سے ملنے والی خوشخبریاں نظر آ رہی ہوتی ہیں۔ خدا اپنے بندوں کے اجر کو بعض اوقات دس گنا بڑھا کر دیتا ہے۔ جیسے تیس روزے رمضان کے اور پھر 6 شوال کے اس کے مطابق گویا پورے سال کے روزوں کا ثواب ہے۔ اس دن خدا کہتا ہے خوشی مناؤ میرا شکر ادا کرو عید کی نماز سے اس دن کو شکرانے سے شروع فرمایا ہے۔

خدا تعالیٰ ہر مشکل کے بعد آسانی اور پھر انعامات سے بھی نوازتا ہے۔ پس وہ عید جو ہمیں رمضان کی قربانیوں کے بعد ملی ہے یہ خدا تعالیٰ کی خاطر قربانیوں کا ایک اظہار ہے۔ حضور انور نے فرمایا وہ لوگ جو دین کی خاطر قربانیاں کرتے ہیں وہ کس طرح انعام پائے بغیر رہ سکتے ہیں۔ اس دور میں حضرت مسیح موعود کو ماننا بھی ایک نیکی ہے اس نیکی کے نتیجہ میں ہم دکھ دیئے جاتے ہیں ستائے جاتے ہیں ہمارے پیاروں کو راہ مولیٰ میں قربان کر دیا جاتا ہے تو پھر کس طرح یہ نیکی کرنے والے بغیر اجر کے رہ جائیں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ مشکل اور کٹھن حالات میں اور اس قربانیوں کے دور سے رمضان کی طرح ہم نے صبر اور راضی برضائے الٰہی رہتے ہوئے گزرنا ہے اور پھر رمضان کی عبادتوں کی طرح ہم نے عام دنوں میں بھی خدا کے قرب اور اس کی عبادتوں کے معیار بلند کرنے ہیں۔

بعد ازاں حضور انور نے دنیا بھر کے تمام احمدیوں کو عید مبارک کا تحفہ عطا فرمایا اور فرمایا کہ یہ خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کی پہلی عید ہے پھر حضور انور نے مندرجہ ذیل دعاؤں کی طرف توجہ دلائی۔ غلبہ دین حق کیلئے دعا' جماعت کو ہر شر سے بچانے کیلئے دعا۔ راہ مولیٰ میں قربان ہونے والوں ان کے پیاروں اور خاندانوں کیلئے دعا کی تحریک فرمائی اسی طرح اسیران راہ مولا کی رہائی کیلئے، واقفین زندگی اور واقفین نو کیلئے اور مجاہدین تحریک جدید و وقف جدید کیلئے بھی دعا کی تحریک فرمائی آخر پر حضور انور نے اجتماعی دعا کروائی جس میں حاضرین اور ایم ٹی اے کی وساطت سے دنیا بھر کے احمدیوں نے شرکت کی بعد ازاں حضور انور نے بیت الفتوح میں موجود سب احباب کو شرف مصافحہ بخشا۔

نتیجہ امتحان کتاب اختلافات سلسلہ کی تاریخ کے صحیح حالات

(مجلس انصاراللہ پاکستان)

قیادت تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان کے زیر اہتمام خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی پروگرام کے تحت کتاب اختلافات سلسلہ کی تاریخ کے صحیح حالات از حضرت مصلح موعود کے امتحان کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں پاکستان بھر سے 686 مجالس کے 10 ہزار 800 انصار نے شمولیت کی۔ 324 انصار نے یہ امتحان نمایاں کامیابی خصوصی گریڈ اے میں پاس کیا۔ اعزاز پانے والے اراکین کے اسماء درج ذیل ہیں۔

اول۔ مکرم ریاض احمد شاہد صاحب سیالکوٹ شہر

دوم۔1۔ مکرم ڈاکٹر منصور احمد شاہد صاحب جوہر ٹاؤن لاہور۔

دوم۔2 مکرم ماسٹر عبدالرحمٰن صاحب سیالکوٹ شہر

سوم 1۔ مکرم منصور احمد لکھنوی صاحب گلشن اقبال شرقی۔ کراچی

سوم 2۔ مکرم انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب دارالصدر شمالی انوار۔ ربوہ

سوم 3۔ مکرم آرکیٹیکٹ شعیب احمد ہاشمی صاحب گلشن اقبال غربی۔ کراچی

اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والے انصار:

1۔ مکرم عبدالرشید سماٹری صاحب عزیز آباد کراچی
2۔ مکرم عمر حیات صاحب فیکٹری ایریا احمد ربوہ
3۔ مکرم انجینئر عبدالسلام ارشد صاحب چھاؤنی لاہور
4۔ مکرم اعجاز احمد محمود صاحب دارالسلام لاہور
5۔ مکرم عبدالمنان فیاض صاحب اسلام آباد شرقی
6۔ مکرم محمد اصغر عتیق صاحب دارالحمد فیصل آباد
7۔ مکرم ماسٹر بشیر احمد صاحب سلطان پور لاہور
8۔ مکرم محمد انور نسیم صاحب دارالیمن وسطی سلام ربوہ
9۔ مکرم داؤد احمد صاحب رحمٰن آباد ضلع نوابشاہ
10۔ مکرم مجید احمد صاحب دارالصدر شرقی طاہر۔ ربوہ

اللہ تعالیٰ یہ کامیابی ان اراکین کیلئے مبارک کرے اور ان کے علم اور فضل میں ترقیات دے اور خلافت احمدیہ کی برکات سے وافر حصہ عطا فرمائے۔

(قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

10/اکتوبر 2008ء

- 6-00 am تلاوت، ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 6-50 am انٹرویو
- 7-30 am لقاء مع العرب
- 8-40 am ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
- 9-05 am ترجمۃ القرآن
- 10-05 am درس ملفوظات
- 10-20 am المائدہ
- 10-45 am مشاعرہ
- 12-05 pm تلاوت
- 1-05 pm چلڈرن کلاس
- 2-10 pm فرنچ پروگرام
- 2-30 pm سرائیکی سروس
- 3-10 pm اردو ملاقات
- 4-15 pm انڈونیشین سروس
- 5-10 pm سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
- 6-00 pm براہ راست خطبہ جمعہ
- 7-30 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 8-25 pm بنگلہ پروگرام
- 9-25 pm سیرت النبی ﷺ
- 10-00 pm خطبہ جمعہ
- 11-30 pm جلسہ سالانہ یو۔ایس۔اے 2008ء

11/اکتوبر 2008ء

- 12-30 am عربی سروس
- 2-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 3-10 am خطبہ جمعہ
- 4-20 am ٹورانٹو اور نائیجیریا
- 4-50 am اردو ملاقات
- 6-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 7-15 am فرنچ سروس
- 7-40 am لقاء مع العرب
- 8-45 am خطبہ جمعہ
- 9-55 am جلسہ سالانہ یو۔ایس۔اے 2008ء
- 10-55 am اردو ملاقات
- 12-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 1-00 pm چلڈرن کلاس
- 2-05 pm سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
- 2-30 pm خطبہ جمعہ
- 3-35 pm آرٹ کلاس
- 4-00 pm انڈونیشین سروس
- 5-00 pm فرنچ سروس
- 6-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 7-00 pm بنگلہ سروس
- 8-00 pm انتخاب سخن
- 9-05 pm چلڈرن کلاس
- 10-05 pm مشاعرہ
- 11-00 pm سوال وجواب
- 11-50 pm آرٹ کلاس

12/اکتوبر 2008ء

- 12-30 am عربی سروس
- 2-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 3-05 am چلڈرن کلاس
- 4-05 am آرٹ کلاس
- 4-35 am سیرت رفقاء حضرت مسیح موعود
- 5-00 am خطبہ جمعہ
- 6-05 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 7-05 am سیرت رفقاء حضرت مسیح موعود
- 7-30 am لقاء مع العرب
- 8-55 am خطبہ جمعہ
- 10-00 am مشاعرہ
- 10-40 am سوال وجواب
- 11-30 am آرٹ کلاس
- 12-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 1-00 pm گلشن وقف نو
- 2-00 pm دی کیسا لوما
- 2-30 pm عربی سیکھئے
- 3-10 pm دورہ حضور انور
- 4-00 pm انڈونیشین سروس
- 4-55 pm سپینش سروس
- 6-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 7-00 pm بنگلہ سروس
- 8-00 pm خطبہ جمعہ
- 9-05 pm گلشن وقف نو
- 10-05 pm دی کیسا لوما
- 10-35 pm دورہ حضور انور
- 11-30 pm سوال وجواب

13/اکتوبر 2008ء

- 12-30 am عربی سروس
- 2-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 3-05 am گلشن وقف نو
- 4-05 am دورہ حضور انور فجی
- 4-55 am سیرت النبی ﷺ
- 6-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 7-00 am دی کیسا لوما
- 7-30 am لقاء مع العرب
- 8-40 am خطبہ جمعہ
- 9-55 am سوال وجواب
- 10-55 am سیرت النبی ﷺ
- 12-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 1-00 pm گلشن وقف نو
- 2-00 pm فرنچ پروگرام
- 2-45 pm فرنچ سروس
- 4-00 pm انڈونیشین سروس
- 5-00 pm ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
- 6-05 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 7-25 pm بنگلہ سروس
- 8-30 pm خطبہ جمعہ
- 9-30 pm تقریر جلسہ سالانہ
- 10-10 pm گلشن وقف نو
- 11-20 pm فرنچ ملاقات

14/اکتوبر 2008ء

- 12-30 am عربی سروس
- 1-25 am لقاء مع العرب
- 2-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 3-05 am گلشن وقف نو
- 4-15 am خطبہ جمعہ
- 5-15 am تقریر جلسہ سالانہ
- 6-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 7-00 am فرنچ کلاس
- 7-35 am لقاء مع العرب
- 8-40 am خطبہ جمعہ
- 9-40 am فرنچ ملاقات پروگرام
- 11-00 am طب وصحت
- 12-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 1-00 pm گلشن وقف نو
- 1-35 pm سوال وجواب
- 2-55 pm ڈسکشن پروگرام
- 3-55 pm انڈونیشین سروس
- 4-55 pm سندھی سروس
- 6-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 7-00 pm بنگلہ سروس
- 8-05 pm جلسہ سالانہ یو۔ایس۔اے
- 9-05 pm گلشن وقف نو
- 9-45 pm سوال وجواب
- 11-00 pm سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
- 11-20 pm انتخاب سخن

15/اکتوبر 2008ء

- 12-30 am عربی سروس
- 1-30 am خطبہ جمعہ
- 2-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 3-00 am گلشن وقف نو
- 4-00 am جلسہ سالانہ یو۔ایس۔اے 2006ء
- 5-00 am ڈسکشن پروگرام
- 6-05 am تلاوت، درس، خبریں
- 7-00 am عربی سروس
- 7-30 am لقاء مع العرب
- 8-35 am سوال وجواب
- 9-35 am ڈسکشن پروگرام
- 10-55 am جلسہ سالانہ یو۔ایس۔اے 2006ء
- 12-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 1-05 pm گلشن وقف نو
- 2-15 pm سیرت حضرت مسیح موعود
- 3-00 pm سوال وجواب
- 4-00 pm انڈونیشین سروس
- 4-55 pm سواحیلی مذاکرہ
- 6-05 pm تلاوت، خبریں
- 6-55 pm بنگلہ پروگرام
- 8-00 pm خطبہ جمعہ 8 جنوری 1986ء
- 9-25 pm تقریر جلسہ سالانہ
- 10-00 pm گلشن وقف نو
- 11-15 pm خلافت جوبلی کوئز
- 11-40 pm سوال وجواب

16/اکتوبر 2008ء

- 12-30 am عربی سروس
- 1-30 am لقاء مع العرب
- 2-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 3-05 am گلشن وقف نو
- 4-10 am تقریر جلسہ سالانہ
- 4-40 am خطبہ جمعہ
- 6-05 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 7-10 am ہماری کائنات
- 7-40 am لقاء مع العرب
- 8-40 am آرٹ کلاس
- 9-05 am سیرت حضرت مسیح موعود
- 9-30 am خطبہ جمعہ
- 11-00 am خلافت جوبلی کوئز
- 11-30 am تقریر جلسہ سالانہ
- 12-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 1-00 pm بستان وقف نو
- 2-05 pm انگلش ملاقات
- 3-15 pm شمائل نبوی ﷺ
- 4-00 pm انڈونیشین سروس
- 5-00 pm نیوزی لینڈ، فجی کا حضور انور کا دورہ
- 5-25 pm المائدہ
- 5-35 pm پشتو مذاکرہ
- 6-00 pm تلاوت، خبریں
- 7-00 pm بنگلہ پروگرام
- 8-00 pm ترجمۃ القرآن کلاس
- 9-20 pm المائدہ
- 9-40 pm شمائل نبوی ﷺ
- 10-15 pm انگلش ملاقات
- 11-20 pm مشاعرہ

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کے پہلے راہ مولیٰ میں جان قربان کرنے والے

محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کا ذکر خیر

مکرم حنیف احمد محمود صاحب

مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب جو اپنے پیاروں میں منوں بھائی کے نام کے ساتھ جانے پہچانے جاتے تھے۔ مورخہ 8 ستمبر 2008ء کو اپنے پیارے اللہ کی راہ میں قربان ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنی راہ میں اپنے بندے کی قربانی بہت ہی پیاری ہے لیکن وہ قربانی جو رمضان کے مبارک مہینہ میں روزے کی حالت میں دی جائے۔ اس کا تو رنگ ہی کچھ اور ہے اور خدا تعالیٰ کے ہاں بہت درجات کی حامل ہے کیونکہ آنحضور ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو دو قطرے بہت پیارے ہیں ایک وہ قطرہ جو آنکھوں سے آنسوؤں کی صورت میں خشیت الٰہی کی وجہ سے بہے اور دوسرا وہ خون کا قطرہ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں بہایا جائے اور یہ دونوں قطرے ہمارے بہت ہی پیارے بھائی کو نصیب ہو گئے۔ پھر ایک اور اعتبار سے بھی یہ عمر میں جوان مگر عقل و بصیرت اور ایمان میں بزرگی کے حامل تھے۔ اس دوست کو یہ شرف بھی حاصل ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربانی پیش کرنے والے خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کے پہلے دوست ٹھہرے۔

خاکسار سے موصوف کا تعلق گو پرانا نہیں تاہم گہرا ضرور تھا۔ چند سال پہلے کی بات ہے جب خاکسار اسلام آباد میں مربی تھا۔ ربوہ میں جماعتی تقریبات پر ملاقات ہوتی اور ہر ملاقات میں خاکسار آپ سے اپنا تعارف کرواتا۔ ایک دفعہ ایک محفل میں محترم ڈاکٹر صاحب موصوف کے بارے ذکر چل نکلا۔ خاکسار نے اپنے تاثرات کا اظہار کر دیا۔ اس محفل میں میرے ایک عزیز بھی موجود تھے۔ انہوں نے کچھ دنوں کے بعد میرے تاثرات محترم ڈاکٹر صاحب تک پہنچا دیئے بس وہ دن اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان ہونے کے دن یعنی مورخہ 8 ستمبر 2008ء تک محترم ڈاکٹر صاحب موصوف نے ایک پیار و محبت کا تعلق خاکسار سے قائم کر لیا۔ یہ تعلق انس اور قربت میں دن بدن بڑھتا چلا گیا۔ وہ ربوہ آتے تو خاکسار کے غریب خانے پر بھی حاضر ہوتے اور مجھے ایک دفعہ میرپور خاص بھی بلوایا۔ ان کے نانا حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب کی سوانح حیات مصنفہ کریم احمد نعیم کو جب خاکسار نے ترتیب دیا اور اس کی نوک پلک درست کر کے شائع کروائی تو اس دوران یہ تعلق مزید آگے بڑھا۔

مرحوم بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ ہمارے پیارے امام ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطبہ جمعہ 12 ستمبر میں نہایت پیار و محبت سے اپنے اس مرحوم بھائی کا تذکرہ فرمایا ہے اور اپنے پیارے بھائی کے الفاظ مرحوم کے لئے استعمال فرمائے اور ان کی جماعتی خدمات اور انسانیت کی خاطر قربانیوں کا نہایت احسن پیرائے میں ذکر فرما کر مرحوم کو خراج عقیدت پیش فرمایا ہے۔

منوں بھائی ایک مخلص خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھے۔ جماعت کی خدمت، مخلوق سے پیار اور انسانیت کے لئے جذبہ قربانی والدین سے ورثے میں ملا تھا۔

جماعت احمدیہ کی خدمت کے حوالے سے اگر بات شروع کریں تو پورے سندھ میں لاریب آپ کو وقت کی، مال کی، عزت کی قربانی میں صف اول میں گنا جا سکتا ہے اور جان بھی قربان کر کے ثابت کر دیا کہ آپ ہر قسم کی قربانی میں پیش پیش تھے۔ پیشہ کے لحاظ سے ڈاکٹر ہونے کے باوجود جماعت کی خدمت کے لئے وقت دیتے۔ اپنے ہسپتال سے رات کو تھکے ماندے جب واپس آتے تو عموماً اپنے گھر جانے کی بجائے گھر سے ملحقہ بیت الذکر میں آ کر حال احوال پوچھتے۔ دفتری ڈاک نکالتے، کارکنان کو ہدایات دیتے پھر گھر جاتے یہی معمول دوپہر کو بھی تھا حتیٰ کہ اگر یہ علم ہوتا کہ آج ہسپتال میں مصروف دن ہے تو علی الصبح جماعتی کام سرانجام دے جاتے ہر جماعت اور ہر فرد جماعت سے ذاتی تعلق تھا ہر جماعت کا دورہ فرماتے۔ اکثر اوقات فجر کی نماز پر 50,50۔ 70,70 میل کا فاصلہ طے کر کے میرپور خاص کی قریبی جماعتوں میں چلے جاتے۔ جماعتی کاموں کا جائزہ لیتے۔ احباب جماعت سے پیار و محبت سے ملتے۔ ان کا حال احوال دریافت فرماتے اور یوں رشتہ مودت ترقی پاتا۔

کوئی بھی احمدی کسی مشکل کے حل کے لئے حاضر ہوتا تو اسے جانتے یا نہ جانتے اس کا کام ضرور کر دیا کرتے تھے۔ آپ کے اردگرد رہنے والے دوست یہ بیان کرتے ہیں اور خود ڈاکٹر صاحب مرحوم نے خاکسار سے بھی اس امر کا اظہار کیا کہ خدا کی شان بھی کیا عجیب نرالی ہے کہ اگر کوئی احمدی کسی مشکل کے حل کے لئے خاکسار کے پاس آتا ہے اور مجھے اس کام کے لئے کسی افسر سے ملنا ہے تو متعلقہ افسر اس دن یا اس کے اگلے دن خود اپنے کسی کام کے لئے خاکسار سے ملنے آ جاتا ہے اور میں باتوں باتوں میں احمدی دوست کی مشکل بھی بیان کر دیتا ہوں۔

جماعت کی خدمت کا ایک نمایاں پہلو جو محترم موصوف میں تھا وہ یہ تھا کہ اپنے عمل و تلقین کے ساتھ جماعت سے دور احباب کو جماعت کے قریب لاتے۔

آپ کی شخصیت کی وجہ سے لوگ بیوت الذکر کا رخ کرتے اور نمازی بن جاتے۔ الغرض نہایت محبت و خلوص سے سب کو اپنی طرف کھینچتے تھے۔

احمدی احباب سے حد درجہ تک بے لوث خدمت کا مادہ تھا۔ ان سے پیار کرتے تھے۔ دو احمدیوں کے درمیان اگر کسی بات پر جھگڑا ہو جاتا تو اس کو وہیں پر نپٹاتے۔ آپ کے اثر و رسوخ کی وجہ سے لوگ آپ کے فیصلہ کو قبول بھی کر لیتے تھے۔ احباب جماعت سے محبت ہی کا یہ نتیجہ تھا کہ آپ کی وفات پر ہر کوئی اپنے آپ کو یتیم محسوس کر رہا ہے۔ نماز جنازہ پر جو وفد میرپور خاص سے آیا ہوا تھا۔ ان میں سے ایک نے بتایا کہ میرے والدین حال ہی میں یکے بعد دیگرے وفات پا گئے ہیں۔ ان کی وفات کی وجہ سے افسوس تو ضرور تھا مگر آج ڈاکٹر صاحب کی وفات پر یوں لگ رہا ہے کہ میں آج یتیم ہوا ہوں۔

میرپور خاص میں 80 سالہ ایک بزرگ جو پوتوں نواسوں والا ہے نے بھی اسی قسم کے جذبات کا اظہار کیا ہے۔

احباب جماعت سے محبت کی وجہ سے احباب بھی بے لوث محبت کرتے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ 2006ء میں خاکسار جب میرپور خاص گیا تو مٹھی اور نگرپارکر کے دورہ کے دوران جماعتوں کے لوگ سڑکوں پر اکٹھے ہوئے تھے کہ آج یہاں پر امیر صاحب نے گزرنا ہے۔ خلافت کے ساتھ آپ کا ادب و احترام کا رشتہ تھا۔ اپنے امام کی ہر بات پر لبیک کہنا آپ کا وصف تھا۔ خلفاء کے ساتھ اگر آپ کو بے پناہ عقیدت تھی تو خلفاء کو بھی آپ کی قربانیوں کی وجہ سے پیار و انس تھا۔ اسی لئے تو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنا پیارا بھائی کہہ کر پکارا ہے۔ ہر جلسہ پر لندن تشریف لے جاتے اور جلسہ گاہ میں خیمہ لگا کر قیام فرمانے کو ترجیح دیتے تا خلیفۃ المسیح کے قریب رہ کر آپ کی باتوں کو سن سکیں۔

خاندان حضرت مسیح موعود کی محبت بھی آپ کے دل میں موجزن تھی اور افراد خاندان کی خدمت کرنے کو اپنے لئے شرف سمجھتے تھے۔

واقفین زندگی سے بہت پیار تھا۔ ان سے بہت عزت سے پیش آتے ان کی ضروریات کا بہت خیال رکھتے۔ میں خود بھی اس بات کا گواہ ہوں۔ مجھے بار بار میرپور خاص آنے کی دعوت دیتے رہے مگر خاکسار قلت وسائل کی وجہ سے جانے کی حامی نہ بھرتا تھا اور اس امر کا اظہار کرنا مناسب بھی معلوم نہ ہوتا تھا۔ مگر وہ اپنی خداداد سوچ کی وجہ سے سمجھ گئے۔ جب مٹھی میں Eye ڈیپارٹمنٹ کی افتتاحی تقریب ہونی تھی۔ خاکسار کو نہ صرف دعوت دی بلکہ ہوائی جہاز کا ٹکٹ بھجوا دیا اور کراچی سے Pick بھی کیا اور میرپور خاص میں خاکسار کے قیام کے دوران میرا مکمل میڈیکل چیک اپ کروایا اور بعض ٹیسٹ آغا خان لیب کراچی سے بھی کروائے۔

دورہ جات کے دوران جب مربی سلسلہ ساتھ ہوتے اور اکثر ہوتے تو ان کو فرنٹ سیٹ پر ڈرائیور کے ساتھ بٹھاتے اور خود پیچھے بیٹھتے۔ ڈاکٹری پیشہ سے عشق کی حد تک پیار تھا۔ آپ نے اس پیشہ کو انسانیت کی خدمت اور قربانی کے لئے وقف کر رکھا تھا۔

اکثر مریضوں کا مفت علاج فرماتے۔ دکھی انسانیت اور نادار مریضوں کی خدمت اپنا فرض سمجھتے تھے۔ مٹھی ہر ماہ دوسرے جمعہ کو جاتے میڈیکل کیمپ لگاتے مفت مریض دیکھتے کسی کا تفصیل سے معائنہ کرنا ہوتا تو اسے میرپور خاص اپنے ہسپتال آنے کا کہتے۔ ایسے مریض سے فیس نہیں لیا کرتے تھے بلکہ آنے کا کرایہ بھی ساتھ دے آتے۔ مٹھی سے واپسی پر تھکن کے باوجود نصرت آباد میں مکرم نواب مصطفیٰ خان صاحب کی قائم کردہ ڈسپنسری میں بھی مریضوں کو وقت دیتے۔ نگرپارکر بھی نومبائعین کے علاج معالجہ کے لئے جاتے اور جماعتی کاموں کا جائزہ لیتے آپ کی وفات کے بعد یہ لوگ اپنے آپ کو یتیم سمجھ رہے ہیں۔

غریبوں کے علاج اور ان کو سہولیات بہم پہنچانے کا اس قدر احساس تھا کہ بعض بیماریوں میں مریض کو حیدرآباد سے لے جانا پڑتا اور بسا اوقات مریض راستے میں ہی Expire ہو جاتا۔ اس لئے آپ نے بعض ایسے یونٹ بھی لگوائے کہ مریضوں کو دور دراز علاج کے لئے نہ جانا پڑے۔ ان کا علاج میرپور خاص میں ہی ہو جائے۔ جیسے Dialysis Unit وغیرہ۔ غریب پروری کی صفت تو کمال تک پہنچی ہوئی تھی۔ غریب کی خدمت کا کوئی موقعہ ہاتھ سے نہ جانے دیتے۔ اگر کسی غریب کی وفات کا علم ہو جاتا تو اس کی تجہیز و تکفین کے لئے کچھ رقم بھجوا دیتے۔

میرپور خاص میں آپ کی بہت عزت تھی۔ سرکاری آفیسرز سے خوشگوار تعلقات تھے اور وہ بھی آپ کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ دعوت الی اللہ کا بھی بہت شوق تھا اور منجھے ہوئے عالم کی طرح دلائل کے ساتھ گفتگو فرماتے تھے۔ سوالات کا جواب دینے کے لئے کتب کا مطالعہ کرتے رہتے۔ MTA کے دیوانے تھے اور سوالات کی CDs وغیرہ جہاں سے بھی ملتیں حاصل کرتے اور اپنے اسفار کے دوران ان کو سنتے۔

الغرض انسان کہلانے کے حوالہ سے دونوں محبتوں کو اپنے اندر لئے ہوئے تھے۔ اللہ تعالیٰ سے محبت اور اس کے عیال یعنی مخلوق سے محبت اور فیاضی کے میدان میں اسم بامسمّٰی تھے۔

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم نذیر احمد خادم صاحب

راہ مولیٰ میں جان قربان کرنے والے امیر ضلع نواب شاہ کا ذکر خیر

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب

رسول کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ فرماتے ہیں کہ ''اپنے وفات یافتگان کا ذکر خیر کرو''۔ اس ارشاد نبویؐ کی تعمیل میں خاکسار اپنے پیارے دوست اور بھائی کا ذکر خیر کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع نواب شاہ 9 ستمبر 2008ء (بمطابق 8 رمضان 1429 ہجری) کو نواب شاہ میں متعصب مخالفین احمدیت نے انتہائی ظالمانہ و بہیمانہ انداز میں فائرنگ کرکے جاں بحق کر دیا۔ یوں جماعت احمدیہ کے ایک دیرینہ خادم اور صدق وصفا اور اخلاص و وفا کے پیکر کو راہ خدا میں قربان ہو جانے کا اعلیٰ اعزاز و انعام پانے کی سعادت حاصل ہوگئی۔

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا
ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں؟

راقم الحروف کو 1972ء تا 1978ء ضلع نواب شاہ میں قیام کے دوران جناب سیٹھ صاحب مرحوم و مغفور کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔ اس وقت آپ قائد خدام الاحمدیہ علاقہ سکھر ڈویژن تھے جس میں نواب شاہ اور خیر پور میرس کے اضلاع بھی شامل تھے۔ مجھے ان کی مجلس عاملہ میں ناظم اصلاح وارشاد کی حیثیت میں کام کرنے کی توفیق ملی۔ بعد میں جب 1976ء تا 1978ء جناب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے اس عاجز کو قائد خدام الاحمدیہ ضلع خیر پور مقرر فرمایا تو آپ سے رابطہ اور تعلق اور بھی زیادہ ہوگیا۔ آپ اکثر میٹنگز کے علاوہ مشورہ اور راہنمائی کے لئے بھی خاکسار کو اپنے ہاں آنے کی دعوت دیتے۔ ایک دفعہ راقم السطور شدید بیمار ہوگیا اور میرے معالج ڈاکٹر اسلام الدین قریشی صاحب نے مجھے نواب شاہ ہسپتال میں داخل ہونے کا مشورہ دیا مگر محترم سیٹھ صاحب نے باصرار مجھے اپنے ہاں رکھا اور خود روزانہ ہسپتال لے جاتے اور Check-Up اور ادویات وغیرہ کی تبدیلی کے بعد ساتھ ہی لے آتے۔ اس طرح کوئی ہفتہ بھر آپ نے میرے لئے قیام و طعام اور فراوانی کے ساتھ پھلوں کا بھی اہتمام فرمایا اور مسلسل حوصلہ بھی بڑھاتے رہے جس کی وجہ سے میری صحت بڑی تیزی سے بحال ہوئی۔

ایک روز ایک دور کی جماعت کے ایک دوست آپ کی دکان پر آئے کہ میرا بھانجا ہسپتال میں داخل ہے۔ رقم خرچ ہوگئی ہے۔ کل گھر سے پیسے آجائیں گے۔ مجھے کل تک 300 روپے عنایت فرمائیں۔ محترم سیٹھ صاحب نے مبلغ سات صد روپیہ ان کے ہاتھ میں تھماتے ہوئے فرمایا کہ تین سو میں آپ کی ضرورت پوری نہیں ہوسکتی آپ یہ سات صد رکھ لیں۔ اس طرح کے خدمت خلق اور بنی نوع انسان کی ہمدردی وغمگساری کے بیشمار واقعات سے آپ کی زندگی بھری ہوئی ہے۔ بہت ہی مہمان نواز تھے اور مہمان نوازی بڑی ہی خندہ پیشانی سے کرتے تھے۔

آپ کی ریلوے روڈ نواب شاہ کی کریانہ کی دکان کے سامنے ایک اچھا ہوٹل ہے۔ روزانہ ہی دور و نزدیک سے آنے والے مہمانوں کو اس ہوٹل سے اچھے سے اچھا کھانا کھلاتے اور یہ سلسلہ صبح سے رات گئے تک جاری رہتا۔ احمدیہ قبرستان نوابشاہ کی زمین محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب اور آپ کے بڑے بھائی سیٹھ محمد اسحٰق صاحب نے جماعت کو عطیہ کے طور پر دی ہوئی ہے اس کے ایک حصہ کو محترم سیٹھ صاحبان نے اپنے خاندان کی قبروں کے لئے مخصوص کیا ہوا ہے، محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کی تدفین بھی اسی جگہ ہوئی ہے اور آپ کے برادر بزرگ جناب سیٹھ محمد اسحٰق صاحب بھی یہیں مدفون ہیں۔ کوئی بارہ سال قبل ایک احمدی بزرگ حاجی برکت علی صاحب نے اپنی وفات سے قبل جناب سیٹھ محمد یوسف صاحب سے درخواست کی کہ بعد وفات انہیں بھی اپنے خاندانی قبرستان میں دفن ہونے کی اجازت فرمائیں۔ محترم سیٹھ صاحب نے ان کی بات مان لی۔ کوئی دو سال بعد حاجی صاحب فوت ہوئے تو ان کے بیٹے مکرم سجاد صاحب نے محترم سیٹھ صاحب کو یہ بات یاد دلائی تو آپ نے فرمایا کہ ہاں آپ کے والد صاحب سے وعدہ کیا تھا۔ چنانچہ وہ بھی آپ کے اس خاص قبرستان میں دفن ہوئے۔ آپ کا آبائی اور خاندانی قبرستان کتنا بڑا اعزاز پا گیا ہے کہ شمع خلافت احمدیہ کا یہ پروانہ خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کے آغاز پر اپنی جان خلافت احمدیت پر قربان کرکے خود اس قبرستان کی زینت کا سامان کر گیا ہے اور حیات ابدی پا کر امر ہوگیا ہے۔

بنا کردند چہ خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

پیارے بھائی سیٹھ محمد یوسف صاحب سلسلہ عالیہ احمدیہ کے نہایت ہی مخلص، خوش مزاج، خوش اخلاق، ہنس مکھ، خاموش طبع مگر سرگرم کارکن تھے۔ محمود ہال نواب شاہ، ایوان طاہر اور کیمپ نمبر 2 نواب شاہ شہر کا ایک چھوٹا ہال آپ اور آپ کے بڑے بھائی سیٹھ محمد اسحٰق صاحب کے حسن تدبر، حسن تدبیر کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ محمود ہال گو جناب سلیم شاہجہانپوری صاحب کے دور صدارت میں بنا۔ مگر سیٹھ برادران کے وسائل اور گرانقدر مشورے اس میں بنیادی حیثیت کے حامل تھے۔

جناب سیٹھ محمد یوسف صاحب تقریباً ہر سال ہی جماعت احمدیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ کے ممبر کی حیثیت سے ربوہ آتے تو وہاں ان سے ملاقات ہو جاتی۔ گزشتہ سال شوریٰ کی ایک سب کمیٹی میں ہم دونوں شامل تھے اور اتفاق سے ہماری نشستیں بھی متصل تھیں۔ کوئی رات کے ساڑھے گیارہ بجے کا عمل ہوگا میں نے دیکھا کہ آپ کا چہرہ متغیر ہوگیا ہے اور شدید کرب اور بے چینی اور Anxiety کے آثار تھے۔ چونکہ دل کے مریض تھے میں نے گزارش کی کہ آپ صدر مجلس سے اجازت لے لیں۔ میں آپ کو قیام گاہ پر لے جاتا ہوں اور کسی معالج سے چیک (Check) بھی کروالیں گے مگر نہ مانے، کچھ دیر بعد جب طبیعت مزید خراب ہوئی تو میں نے پھر پُرزور درخواست کی کہ اجازت لیں اور چلیں۔ کہنے لگے ٹھیک ہے مگر میں اکیلے ہی جاتا ہوں۔ صدر مجلس سے ہاتھ کھڑا کر کے باہر جانے کی اجازت لی اور چلے گئے۔ کوئی 10 منٹ ہی گزرے ہوں گے کہ واپس تشریف لے آئے اور آہستہ سے میرے کان میں کہا کہ طبیعت بحال ہوگئی ہے اس لئے آ گیا ہوں۔ بیماری دل کے بعد آپ کا یہی حال رہا کہ جماعتی کاموں اور پروگراموں سے غیر حاضری آپ برداشت نہ کرسکتے۔ دل تو آپ کے عالی حوصلہ کو شکست نہ دے سکا مگر بزدل اور حسد کی آگ میں جلنے والے معاندین سلسلہ نے جماعت کی محبت اور خدا کے بندوں کی ہمدردی و غمگساری کی لازوال دولت سے بھرا ہوا یہ دل چھلنی چھلنی کر دیا۔

میرے قابل صد احترام بزرگ دوست سیٹھ محمد یوسف صاحب اپنی دکان پر بیٹھے قرآن پاک کی تلاوت، سلسلہ کے اخبارات و رسائل اور دیگر اچھی کتب کے مطالعہ میں مصروف رہتے۔ ایک دن میں دکان پر حاضر ہوا تو جناب مختار مسعود کی کتاب ''آواز دوست'' مجھے دی اور کہنے لگے ان کا انداز تحریر بہت اچھوتا اور لطیف ہے۔ پھر کہنے لگے اسے ساتھ لے جائیں اور پڑھیں۔ چنانچہ میں یہ کتاب ساتھ لے گیا اور تین چار روز کے بعد واپس کی۔ آپ کے بھتیجے (محمد اشفاق صاحب ابن سیٹھ محمد اسحٰق صاحب) جو ادب اور شاعری میں جناب سلیم شاہجہانپوری سابق صدر جماعت نواب شاہ کے شاگرد ہیں، بھی علم دوست ہیں۔ انہوں نے ایک ذاتی لائبریری بھی بنائی ہے جس میں مختلف علوم کی کوئی ساڑھے پانچ ہزار کتب کا قابل قدر ذخیرہ ہے۔ بہر حال یہ ایک علم دوست خاندان ہے۔ محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب بھی بڑے سخن شناس اور وسیع مطالعہ رکھنے والے انسان تھے۔ ہمارے عزیز دوست جناب انور ندیم علوی کا تعلق بھی نواب شاہ شہر سے ہے اور ہمارے محترم دوست محمود مجیب اصغر بھی کچھ عرصہ نواب شاہ شہر میں رہے ہیں۔ اس طرح ان سب شمع علم سے محبت رکھنے والوں کے ذریعہ نواب شاہ میں خوب اجلاس ہوتے جن سے احباب استفادہ کرتے۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب ان اجلاسات کے محرک ہوتے بلکہ ان کی روح رواں ہوتے۔ آپ کا نہایت قابل ذکر اور گرانقدر کارنامہ مجلس خدام الاحمدیہ کا علاقائی سالانہ اجتماع ہوتا تھا جو محترم جناب حاجی عبدالرحمان صاحب رئیس و امیر ضلع نواب شاہ کے در دولت پر بمقام رحمٰن آباد (باندھی) منعقد ہوا کرتا تھا۔ بہت ہی پُررونق یہ سالانہ اجتماع مسلسل تین روز تک علم وعرفان کے جواہر اور روشنی سے علاقہ کے لوگوں کو منور کرتا۔ مرکز سے جید علمائے سلسلہ اس میں شرکت کرتے۔ مقامی طور پر محترم نذیر احمد ریحان صاحب مربی سلسلہ بھی سندھی زبان میں تقریر کرتے اور انتظامات میں ہاتھ بٹاتے۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب مجھے ہمیشہ تاکید کرتے کہ اجتماع کے ہر اجلاس سے قبل جو بھی تلاوت ہو وہ صحیح اور خوش الحانی سے کی جائے اور ایسے دوستوں سے تلاوت کروائی جائے جن کی آواز جاندار ہو۔ خدا تعالیٰ کے زندہ کلام قرآن کریم کی تلاوت بہت ہی ذمہ داری کا کام ہے۔ ایسی قیمتی ہدایات دینے والی اور دین اور خدا کی کتاب قرآن پاک کی محبت سے سرشار اس پیاری ہستی کی ظاہری زندگی کا چراغ گُل کرنے والوں کو کیا خبر کہ یہ چراغ تو دنیا کے مشرق و مغرب اور شمال و جنوب میں ہر جگہ دنیا کے اندھیروں کو اجالوں میں بدل رہے ہیں اور سیٹھ محمد یوسف کی یاد اور محبت قیامت تک کروڑوں احمدیوں کے دلوں میں موجزن رہے گی اور وہ اپنے رب کے حضور ہمیشہ کی زندگی لازوال زندگی کا وارث بن گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے بیوی بچوں کو صبر جمیل عطا کرے ان کا خود کفیل و نگہبان ہو۔ آمین

جماعت کے لئے اخلاقی نصاب

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

اخلاقی حالت ایسی درست ہو کہ کسی کو نیک نیتی سے سمجھانا اور غلطی سے آگاہ کرنا ایسے وقت پر ہو کہ اسے برا معلوم نہ ہو کسی کو استخفاف کی نظر سے نہ دیکھا جاوے۔ دل شکنی نہ کی جاوے۔ جماعت میں باہم جھگڑے فساد نہ ہوں۔ دینی غریب بھائیوں کو کبھی حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھو۔ مال و دولت یا نسبی بزرگی پر بے جا فخر کر کے دوسروں کو ذلیل اور حقیر نہ سمجھو۔ خدا تعالیٰ کے نزدیک مکرم وہی ہے جو متقی ہے..........(الحجرات:14) دوسروں کے ساتھ بھی پورے اخلاق سے کام لینا چاہئے۔ جو بداخلاقی کا نمونہ ہوتا ہے، وہ بھی اچھا نہیں۔ ہماری جماعت کے ساتھ لوگ مقدمہ بازی کا صرف بہانہ ہی ڈھونڈتے ہیں۔ لوگوں کے لئے ایک طاعون ہے۔ ہماری جماعت کے لئے دو طاعون ہیں۔ اگر کوئی جماعت میں سے ایک شخص برائی کرے گا، تو اس ایک سے ساری جماعت پر حرف آئے گا۔ دانشمندی۔ حلم اور درگذر کے ملکہ کو بڑھاؤ۔ نادان سے نادان کی باتوں کا جواب بھی متانت اور سلامت روی سے دو۔ یاوہ گوئی کا جواب یاوہ گوئی نہ ہو۔

(ملفوظات جلد اول ص135)

الف۔ قدوس

میرے والد چوہدری محمد شفیع صاحب زیروی

میرے جان سے پیارے ابو جی 21/اپریل 2008ء کو اپنے خالق حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے۔

میں نے جب سے ہوش سنبھالا تھا مجھے اپنے ابو جی کی شخصیت ایک گلاب کی طرح خوبصورت ہی نظر آئی۔ جو اپنی خوبصورتی اور دلکشی سے ہر ایک کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔

21/اپریل کی صبح کو ابو جی نے حسب معمول نماز تہجد سے دن کا آغاز کیا۔ پھر فجر کی نماز خود باجماعت پڑھائی۔ اس کے بعد قرآن پاک کی تلاوت کی۔ پھر اچانک بہت شدید قسم کا ہارٹ اٹیک ہوا جس کی وجہ سے آپ کا انتقال ہو گیا۔

میرے ابو جی نہایت خوش مزاج با اخلاق اور فدائی احمدی تھے ابو جی اپنی خوش اخلاقی، سخاوت اور فیاضی، بے لوث محبت کرنے کی وجہ سے سارے خاندان میں شروع سے ہی بہت ممتاز تھے۔

ابو جی سے جڑی ہر یاد کا رنگ بہت ہی انوکھا اور دلکش ہے ہر صبح ٹھنڈے ٹھنڈے ہاتھوں کا لمس چہرے کو چھوتا اور ابو جی کی پیاری آواز کانوں میں گونجتی ”بیٹے نماز کا وقت ہو گیا ہے“ روزانہ اتنی پیاری صبح کا آغاز ہوا کرتا تھا۔

کبھی پانی کی ننھی ننھی بوندیں چہرے پر پڑتی ہم سمجھتے بارش ہے سامنے ابو جی دلکش مسکراہٹ لئے کہہ رہے ہوتے تھے۔ بیٹا نماز کا وقت جا رہا ہے۔

حالات زندگی

ابو جی خاندانی لحاظ سے جٹ برادری سے تعلق رکھتے تھے۔ انڈیا کے شہر زیرہ میں 1936ء میں یکم مارچ کو پیدا ہوئے۔ جب پاکستان معرض وجود میں آیا۔ سارا خاندان چیچہ وطنی کے گاؤں L-17/14 میں آ کر رہائش پذیر ہو گیا ابو جی کے ایک ماموں فتح محمد صاحب ربوہ میں شفٹ ہو گئے۔

نانا کی احمدیت سے فیض یابی

ابو جی کے نانا مکرم چوہدری عبداللہ ذیلدار صاحب انڈیا کے شہر زیرہ کے بہت بڑے زمیندار تھے۔ ذیلدار اور گھوڑی پال مربع زمین وغیرہ ملنے کی وجہ سے نانا جی کی آس پاس کے گاؤں میں بہت شہرت تھی۔ نانا جی کی شخصیت بہت بارعب اور باوقار تھی۔

نانا جی کسی عدالتی کام کے سلسلے میں زیرہ شہر گئے اسی دن جماعت احمدیہ کا جلسہ سیرت النبیؐ تھا جس کو مخالف لوگوں نے ناکام کرنے کے لئے بھرپور کوشش کی اسی جلسہ میں حضرت منشی اروڑے خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود بھی تشریف فرما تھے۔ ان کے ساتھ کچھ اور عالم دین بھی تھے غیر احمدیوں کے شدید پتھراؤ سے منشی اروڑے صاحب لہولہان ہو گئے نانا جان نے منشی اروڑے خان صاحب کو بری طرح لہولہان دیکھ کر پوچھا کہ کیا ہوا ہے کس نے کیا جواب میں ساری بات بتائی گئی۔ یہ سن کر نانا جان کہنے لگے سچے لوگوں کے ساتھ ہی ایسا ہوتا ہے یہ شخص کبھی جھوٹا نہیں ہو سکتا جو آنحضرت ﷺ کی شان بیان کرے اور لوگ اسے لہولہان کر دیں۔ نانا جی نے اسی وقت احمدیت قبول کرنے کا فیصلہ کر لیا نہ جماعت کے بارے میں معلومات نہ مطالعہ صرف اس نظارہ نے ہی آپ کی دنیا بدل دی۔

آپ نے اسی دن خود کو دائرہ احمدیت میں داخل کر لیا اور آخری دم تک خود کو اس روشنی و نور سے منور رکھا۔ اسی دن سے عدالتی معاملات شان و شوکت زمین کے معاملات ہر چیز کو ٹھکرا کر خود کو احمدیت کے سپرد کر دیا۔ سب کام اپنے بڑے بیٹے علی شیر صاحب کے سپرد کر دیئے اور کہا کہ اگر سب کاموں کو جاری رکھوں گا تو کہیں نہ کہیں مجھے مبالغہ آرائی سے کام لینا پڑے گا اور حضرت صاحب کہتے ہیں ”جو جھوٹ بولتا ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں“۔ گھر سے کافی فاصلہ پر احمدیہ بیت الذکر تھی آخری دم تک نماز باجماعت ادا کرتے رہے حتیٰ کہ نماز تہجد بھی بیت الذکر میں جا کر ادا کی۔ باقاعدگی سے چندے دیتے۔

شاندار تعلیمی کیریئر

ابو جی نے ابتدائی تعلیم تو انڈیا کے شہر زیرہ سے ہی حاصل کی تھی میٹرک پاکستان آ کر گاؤں سے کیا۔ ایف اے اور بی اے ساہیوال کالج سے کیا۔ ابو جی پورے خاندان میں تعلیمی لحاظ سے بہت ذہن وفطین تھے ایم اے انگلش سے کیا اور انگلش میں بہت ماسٹر تھے۔ تمام اہل محلہ دفاتر کے کولیگز تمام رشتہ دار مشورہ اور انگلش میں راہنمائی کے لئے ہمیشہ ابو جی کی خدمات ہی حاصل کیا کرتے تھے بہت خوش اخلاقی سے سب کو ہمیشہ اچھا مشورہ دیا کرتے تھے۔

مشہور ٹی وی کمپیئر طارق عزیز اور سابق سپیکر قومی اسمبلی منظور وٹو ابو جی کے کلاس فیلو تھے۔ ابو جی نے ساہیوال میں ”ماں“ کے عنوان سے مضمون لکھا جس کو پورے ضلع سے انعام بھی ملا اور یہ مضمون آج بھی ساہیوال لائبریری میں محفوظ ہے۔

احمدیت میں شمولیت

ابو جی نے تعلیم کا کچھ حصہ ربوہ میں اپنے ماموں فتح محمد صاحب کے ہاں مکمل کیا۔ ابو جی بتاتے تھے کہ یہ 1964ء کی بات ہے اور مجھے کافی تیز بخار تھا۔ کافی دنوں سے بیماری میں مبتلا رہ کر میں بہت مایوس تھا دوائی اثر نہیں کر رہی تھی۔ مجھے بہت کم خواب آیا کرتے تھے۔ اس دن نیند نہیں آ رہی تھی۔ میں بیماری کی وجہ سے کافی پریشان تھا۔ اچانک کہیں میری آنکھ لگ گئی خواب میں حضرت مسیح موعود آئے اور کمر پر دو تین بار تھپکی دی اور کہا ”بیٹے آپ خدا کے فضل سے بالکل ٹھیک ہو جاؤ گے آپ تو بالکل ٹھیک ہو“۔

اس خواب کے بعد بخار نہیں تھا اور نہ دوبارہ ہوا بغیر کسی دوائی کے خدا تعالیٰ نے صحت یاب کر دیا۔ آپ نے اسی دن بیعت فارم لا کر پُر کر لئے اور ماموں جان سے کہا کہ میں احمدی ہونا چاہتا ہوں۔ ماموں نے سمجھایا بیٹے ابھی مطالعہ کر لو۔ آپ حضرت مسیح موعود کے چہرے مبارک کے نور سے متاثر ہو کر ہی فیصلہ کر چکے تھے کہ آج ہی احمدی ہونا ہے اور فارم جمع کروا کے اسی دن سے سچے عاشق کی طرح حضرت مسیح موعود کے پروانے بن گئے اور آخری سانس تک اسی عشق میں ڈوبے رہے۔

ابو جی کی سلسلہ احمدیہ کے ساتھ والہانہ وابستگی اور عقیدت ان کی شخصیت کا روشن پہلو تھی۔ خدا تعالیٰ کے ساتھ ایسا تعلق بنتا گیا کہ کبھی کوئی پریشانی اور آزمائش سے ذرا نہ گھبرائے بلکہ ہمیشہ کہا کرتے ”خدا تعالیٰ کے حضور ہر پریشانی تار کر میں پُرسکون نیند سوتا ہوں جس کا خدا دوست ہو جائے اسے بھلا دنیا کی کیا پرواہ ہو سکتی ہے“ احمدی ہونے سے پہلے بھی مذہب سے بہت لگاؤ تھا لیکن احمدی ہونے کے بعد نماز میں تلاوت میں جو لذت ملتی وہ پہلے نہیں تھی۔ قرآن پاک کے لفظ لفظ سے عشق تھا رقت طاری ہو جایا کرتی جب تلاوت کلام پاک کرتے۔

حضرت مسیح موعود کے واقعات اتنے دلکش انداز میں سناتے ہمیں سن کر ہی ازبر ہو جایا کرتے۔ کوئی سلسلہ احمدیہ پر تنقید کرتا بہت پُرجوش ہو جاتے خوب کھری کھری سناتے۔

حضرت مسیح موعود کی کتابوں کا بہت بڑا ذخیرہ ہمارے گھر میں جمع ہے۔ ہر کتاب کی ہر سطر انڈر لائن ملے گی بہت گہرائی سے مطالعہ کرتے۔ تمام کتابوں کو نہایت قرینے اور نفاست سے سنبھال کر رکھتے۔ اپنی زندگی کے ہر لمحہ کو حضرت مسیح موعود کی تعلیمات کے مطابق گزارنے کی کوشش کرتے۔

دعوت الی اللہ کا بہت زیادہ شوق تھا جہاں موقع ملتا بہت خوبصورت الفاظ اور انداز میں حضرت مسیح موعود کا پیغام پہنچا دیتے ”اور ہمیشہ کہتے میں نے اپنا فرض ادا کر دیا ہے کل ہمیں نہ کہنا کہ ہمیں تو خبر ہی نہیں تھی“۔

ابو جی نے تقریباً 25 سال ہائی ڈویژن میں سینئیر سپرنٹنڈنٹ پہلے لاہور کام کیا۔ اپنے کولیگز کو پہلے خود بتایا کرتے کہ میں خدا کے فضل سے احمدی ہوں لاہور آفس میں بہت مخالفت تھی گلاس الگ کر دیا گیا۔ سلام لینا بند کر دیا گیا۔ ابو جی نے کبھی کسی کی پرواہ نہ کی ہمیشہ ثابت قدم رہے۔ اس کے بعد ابو جی کا ٹرانسفر شیخوپورہ ہو گیا۔ وہاں بھی کافی مخالفت کا سامنا تھا۔ اس کے بعد اوکاڑہ ٹرانسفر ہو گیا۔ یہاں پر بھی گلاس الگ کر دیا۔ سلام لینا بند کر دیا۔ کچھ مخالف طریقوں سے تنگ کرتے رہتے پھر سفارش کروا کے لاہور ٹرانسفر کروا دیا۔ ابو جی روزانہ لاہور جاتے شام واپس اوکاڑہ گھر آتے۔ بہت تھک جاتے۔ لیکن کبھی اس شخص کو برا بھلا نہ کہا۔ کبھی ماتھے پر شکن نہ آئی۔ ابو جی نے دوبارہ اوکاڑہ ٹرانسفر کی درخواست دی گورنمنٹ نے منظور کر کے اوکاڑہ دوبارہ ٹرانسفر کر دیا۔ لیکن پھر مخالفت ہوئی تو ابو جی نے خدا تعالیٰ پر چھوڑ کر خود ریٹائرمنٹ لے لی اور خدا کی ذات پاک نے چند ہفتے بعد معجزہ دکھایا اسی شخص کی دوبارہ ٹرانسفر لاہور ہو گئی اور اسی دفتر والوں نے ابو جی کو نہایت احترام اور عزت سے دوبارہ پرائیویٹ طور پر جاب بحال کرنے کو کہا۔ نئے ایکسئین صاحب نے کہا

”چوہدری شفیع صاحب آپ کی دل سے میں بہت عزت کرتا ہوں میرا دل کرتا ہے جب آپ دفتر میں داخل ہوں میں آپ کے احترام میں کھڑا ہو کر آپ کو سیلوٹ کروں“ اور اس کے بعد آخر تک ابو جی اسی دفتر میں کام کرتے رہے اور دفتر کے تمام کولیگز انگلش کے ہر کام کے لئے ہمیشہ ابو جی کی خدمات حاصل کرتے تھے۔ ابو جی سب کے کام نہایت خندہ پیشانی سے کرتے اب خود ہمیشہ اپنا گلاس الگ رکھتے کہ کسی کے دل میں نفرت نہ ہو اور دفتر والا گلاس اکثر ٹوٹ جاتا۔ اور دوسرے احباب ہمیشہ کہتے چوہدری صاحب ذرا اپنا گلاس دے دیں۔ گھر کے قریب بیت الذکر تھی نمازی گھر کے سامنے سے گزرتے ہمیں فرش دھونے نہ دیا کرتے کہ باہر زمین گیلی ہو جائے گی اور نمازیوں کو دشواری ہو گی۔ بھائی کی شادی تھی ہم خوشی سے دف بجانے لگے صاف منع کر دیا۔ کہ بیت الذکر کا احترام ضروری ہے شور سے نمازیوں کی نماز میں خلل ہو گا۔ آہستہ آواز میں پڑھو بس لیکن آواز باہر نہ جائے۔

میری بہنوں کی شادیوں پر تمام محلہ میں دعوت نامے تقسیم کئے۔ لیکن ایک مخالف نے سب کو شادی میں جانے سے روک دیا۔ کہ اس طرح شادی میں جانے سے ایمان کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ مخالفت کے باوجود بھی ماتھے پر شکن نہ آئی اسی طرح سب کی خیر و عافیت دریافت کرتے رہتے سب کا اسی طرح خیال رکھتے۔ ہمیشہ کہتے میری زندگی کی ایک ہی خواہش ہے کہ ساری دنیا پر احمدیت کا غلبہ دیکھوں۔

ابو جی خود احمدی ہوئے تھے۔ اس وجہ سے خاندان میں بھی کافی مخالفت کا سامنا تھا۔ میری دادی اماں ابو جی سے بہت محبت کرتی تھی احمدی نہیں تھیں لیکن فکر بہت کرتی تھیں۔ کہ بیٹے کو ہر محاذ پر اکیلے لڑنا ہے۔ ہم چھ بہنیں اور تین بھائی ہیں۔ لوگوں کو یہ بہت پریشانی تھی کی چوہدری صاحب اپنی بیٹیوں کی شادیاں کیسے کریں گے اور کہاں کریں گے۔ لیکن احمدیت کی برکت اور خدا تعالیٰ کے فضل اور پیارے ابو جی کی دعاؤں سے سب بہنوں کی شادیاں ہو گئیں اور اپنے گھروں میں خوش و خرم ہیں۔ ہماری شادیوں پر بھی کوئی رسم و رواج اور بے جا فضول خرچی کو رواج نہ دیا ہر بات

حضرت صاحب کی تعلیمات سے شروع ہوتی اور حضرت صاحب پر ہی اختتام کرتے۔ احمدیت کی خاطر ہر طرح کی قربانی کے لئے ہردم اور ہرکسی کے سامنے ڈٹ جانے کے لئے ہر لحہ تیار رہتے اور کسی کی پرواہ کبھی نہ کرتے۔ سارے خاندان کے ساتھ نہایت محبت اور حسن سلوک سے پیش آتے ہر کسی کے دکھ سکھ میں بغیر کسی غرض کے شریک ہوتے۔

میرے ابوجی بہت خوبصورت حس مزاح رکھتے تھے میں ابوجی کو یونس بٹ کی بکس گفٹ کیا کرتی تھی پھر ہمیں اس کے کٹ پیس پڑھ کر سناتے اتنے بھرپور اور دلکش انداز سے دیر تک مسکراتے رہتے ابوجی کی یہ مسکراہٹ مجھے نئے سرے سے جینے کی امید دلاتی تھی۔

ہر بار وضو کے بعد بال سنوارنا معمول تھا امی جان کہتی آپ کہیں جانے کی تیاری کر رہے ہیں مسکرا کر کہتے خدا تعالیٰ کے حضور حاضر ہونے کے لئے تیار ہو کر ہی جانا چاہئے گزشتہ سال خدا تعالیٰ نے قادیان جانے کی توفیق دی ابوجی کو سرزمین قادیان دیکھنے کی بہت چاہت تھی اکیلے ہی قادیان گئے۔ متبرک جگہوں پر جا کر ہم سب کے لئے دعائیں کیں۔ گھر آ کر بہت خوشی اور جوش سے ہم سب کو بتایا کہ قادیان جا کر ایک احمدی نیا جنم لے کر آتا ہے۔

ابوجی بہت متوکل انسان تھے بڑی مشکل میں کبھی نہ گھبراتے خدا تعالیٰ کے سپرد کر کے پرسکون ہو جاتے اور خدا تعالیٰ تمام مسائل سے ایسے نکالتا جیسے کوئی بات ہی نہیں تھی کبھی آنے والے کل کی فکر نہ کی۔

اور خدا تعالیٰ کے فضل سے ہم سب بہن بھائیوں کو اچھی تعلیم دلائی ہماری جائز خواہشوں کو پورا کیا۔

جماعتی چندہ جات میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے وعدہ لکھوا دیا کرتے۔ پھر گھر آ کر دعاؤں میں لگ جاتے اور خدا تعالیٰ ایسے غیبی مدد فرماتا کہ پتہ ہی نہ چلتا۔

خاندانی مسائل اور رشتوں میں بھی ہمیشہ عدل و انصاف سے کام لیا۔ کبھی بے ایمانی اور منافقت نہ کی۔ ابوجی کا ضلع اوکاڑہ کی قیادت سے تعلق تھا جماعتی کاموں میں بھی بہت شوق اور لگن سے حصہ لیتے۔ کچھ عرصہ جائیداد کے سیکرٹری رہے۔ سیکرٹری تعلیم القرآن تو اب بھی تھے آخری سانس تک خود کو احمدیت کے نور سے منور رکھا۔

ابوجی ہمیشہ ہر ایک کے کام آ کر خوش ہوتے کبھی اپنا کوئی کام کسی کو نہ کہتے ہمیشہ کہتے میرے کام تو خدا تعالیٰ کر دیتا ہے۔

ہمیشہ کہتے خدا تعالیٰ مجھے کسی کا محتاج نہ کرے میرا انجام بخیر کرے چلتے پھرتے مجھے اپنے پاس بلالے۔

اور اس قادر خدا کی ذات نے اپنے پیارے بندے اپنے پیارے دوست کو اس کی خواہش کے مطابق ویسے ہی بلایا نہ تو پیارے ابو کو کسی تکلیف کا احساس دیا اور نہ کسی کا محتاج کیا۔

ایسا شفیق سایہ ایسی پیاری شخصیت ہمیں تو کبھی نہ بھولے گی۔ بلکہ جن کے ساتھ بھی ابوجی کا تعلق تھا وہ بھی ان کی محبت کو کبھی فراموش نہ کر سکیں گے۔

ہر ایک کی زبان اور ہر ایک شخص کی آنکھ میں آنسو تھے ایک ہی جملہ تھا کہ چوہدری صاحب جنتی ہیں۔ خدا تعالیٰ میرے ابوجی کو جنت میں جگہ عطا فرمائے جس کا خدا تعالیٰ نے قرآن پاک میں وعدہ کیا ہے۔ خدا تعالیٰ کی ذات پاک جس نے میرے پیارے ابوجی کو دنیا میں خوش و خرم رکھا خدا تعالیٰ ان کے دائمی سفر کو بھی ایسا خوبصورت اور پیارا بنادے اور ہم سب گھر والوں کو صبر جمیل عطا فرمائے اور تمام پڑھنے والے بھی میرے ابوجی کے لئے دعا کریں۔ آمین

(بقیہ صفحہ 3)

اگر والدین نے عبدالمنان نام رکھا تھا تو واقعۃً فیاضی میں منان خدا کے عبد ہی ثابت ہوئے اور فیاضی کے جوہر دکھلاتے رہے۔ نڈر، دلیر اور جرأت مند تھے اور اللہ پر بھروسہ کا یہ عالم تھا کہ آپ کا یہ مقولہ عام تھا ''اللہ مالک اے''۔

آپ کو جب دھمکیوں کے فون آنے لگے اور دوستوں نے حفاظت کے تمام ذرائع کو اپنانے کو کہا تو آپ نے بے ساختہ یہ جملہ بولا ''اللہ مالک اے'' قول و عمل میں یکسانیت تھی۔ جھوٹ قریب سے بھی نہ گزرتا۔ دو دھڑوں میں انصاف کرنے کا خداداد ملکہ بھی حاصل تھا۔ بڑے سے بڑے آدمی کے سامنے کھری اور ستھری بات کہہ دیتے۔ خواہ اس کو ناپسند ہی لگے قول سدید کے پابند تھے۔ اپنی والدہ کی بہت عزت کیا کرتے تھے۔ میں جب میرپور خاص گیا ہوا تھا تو کچھ کھانا میرے ساتھ کھا کر اجازت لے کر چلے گئے کہ باقی کھانا والدہ کے ساتھ بیٹھ کر کھانا ہے وہ بھی انتظار کر رہی ہوں گی۔

اہلیہ محترمہ کے ساتھ بھی معاشرتی تعلقات مثالی تھے۔ گھر میں ان کو سہولیات بہم پہنچانے کی کوشش کرتے رہتے۔ گو آپ کی مسز مہمان نواز ہیں اور ہر وقت مہمانوں کا خیال رکھتی ہیں تاہم محترم ڈاکٹر صاحب ایسے اوقات میں جب خاص کوشش کر کے کھانا تیار کرنا ہوتا۔ مہمان کو ہوٹل سے اچھا کھانا کھلا دیتے تا اہلیہ کو تکلیف نہ اٹھانی پڑے۔

آپ کی وفات ایک بہت بڑا المیہ بھی ہے اور قوم کا نقصان بھی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم بھائی سے مغفرت کا سلوک فرمائے۔ جنت الفردوس میں درجات بلند فرماتا رہے۔ جس طرح یہ عیال اللہ سے پیار کرتے رہے ہیں اللہ تعالیٰ بھی ان سے پیار کا سلوک کرے۔ اہلیہ محترمہ اور ہر دو بچوں کا اپنی جناب سے حامی و ناصر ہو اور خود کفالت کرتا رہے۔ آمین

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

''اپنے بچوں کو سلام کہنے کی عادت ڈالنی چاہئے۔''

(مشعل راہ جلد 5 حصہ دوم صفحہ 97)

ماخوذ

زبان ـ قدرت کی صناعی کا بہترین مظہر

زبان کیا ہے؟ جسم انسانی کا ایک چھوٹا سا عضلہ لیکن ساخت کے لحاظ سے نہایت حیرت انگیز کیونکہ اسی کی مدد سے دنیا بھر کے سینکڑوں ملکوں میں رہنے والے انسان سینکڑوں زبانوں میں بات چیت کرتے ہیں جبکہ ہر زبان کی ادائیگی لب و لہجہ تلفظ اور آواز دوسرے سے مختلف ہوتی ہے۔

زبان ہی کی وجہ سے چٹخارہ ہے کیونکہ یہی ترش، شیریں، گرم و سرد اور تلخ و نمکین میں اس طرح تمیز کرتی ہے کہ انسان دنیا کے خواہ کسی حصے میں رہتا ہو اس کی مدد سے وہ کھانے کا لطف اٹھاتا ہے بلکہ سچ پوچھئے تو اس کے بغیر ہم کھا نہیں سکتے۔

اس تیز خیز ہر سمت حرکت کرنے اور بیک وقت مختلف کام انجام دینے والے عضو کی ساخت کچھ اس انداز کی ہے کہ کسی تکلیف کے بغیر ہم غذا کو منہ میں ہر طرف گھما سکتے، چباتے وقت دانتوں کے درمیان خوراک کو تھام سکتے اور بعد ازاں چبائی ہوئی غذا کو پیچھے دھکیل کر حلق سے نیچے اتار سکتے ہیں تاکہ اسے نگل کر آپ اپنی غذا کا لطف اٹھا سکیں۔

اگر آپ کی خواہش یہ ہے کہ کھانے کی خوشبو کی لپٹیں آپ کی مشام جان کو معطر کریں جس سے آپ کے منہ میں پانی بھر آئے تو پھر یہ نصف لطف پیدا کرنے میں بھی زبان کا بڑا حصہ ہے۔ زبان کھانے کو لعاب دہن کی آمیزش سے ذائقے دار بنا دیتی ہے جس کے سبب بعد ازاں ہم معدے کی تکلیف سے محفوظ ہو جاتے ہیں۔ زبان کو قدرت نے جس ذائقہ سے بھی نوازا ہے۔ اس کی مدد سے ہمیں پتہ چل جاتا ہے کہ جو غذا ہم کھا رہے ہیں وہ اچھی ہے یا خراب۔ یہی وجہ ہے کہ باورچی، کھانے پکانے کے دوران ذائقہ چکھ کر دیکھ لیتا ہے کہ نمک، مرچ اور مسالہ ٹھیک ہے یا اس میں کمی بیشی کی ضرورت ہے۔

بظاہر انسان کی زبان ایک سادہ سا گوشت کا لوتھڑا دکھائی دیتی ہے تاہم اگر اس کا بنظر غائر مطالعہ و مشاہدہ کیا جائے تو پتا چلتا ہے کہ یہ ایک سنجیدہ عضو ہے۔ جس کی ساخت میں بڑی ذہانت سے کام لیا گیا ہے۔ اس میں ایسے پٹھے ہیں جو مختلف سمتوں کو جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم زبان کو جدھر چاہیں گھما سکتے ہیں۔ اوپر نیچے دائیں بائیں بھی اندر جاتی ہے اور پھر نوک زبان سے ہم ہر چیز کو محسوس کر لیتے ہیں۔ اس کی مدد سے ہم چاول کے ایک دانے اور گوشت کے ذرا سے ریشے تک کا پتہ چلا لیتے ہیں۔ زبان پر ایک غلاف یا جھلی سی پائی جاتی ہے جو غشائے مخاطی کہلاتی ہے۔ مزید اس کی سطح پر چار قسم کے چھوٹے چھوٹے آگے کو نکلے ہوئے حصے ہوتے ہیں جو ابھار کہلاتے ہیں۔ مثلاً ایک قسم ننھے نکون نما ابھاروں کی سی ہے جو زبان تک محیط ہیں۔ یہ ابھار بلی کے خاندان کے جانوروں میں زبان کو ایسا ریتی نما بنا دیتی ہیں کہ وہ اس کی مدد سے گوشت کو بڑی صفائی کے ساتھ ہڈی سے جدا کر دیتی ہے۔ دوسرے ابھار معمولی پن کے سرے کے برابر ہوتے ہیں۔ یہ سانپ کی چھتری کی شکل جیسے ہیں۔ یہ ابھار عام طور پر زبان کے سرے اور دونوں جانب ہوتے ہیں۔ ان کا رنگ گلابی ہوتا ہے اور اس میں ذائقہ کی حس پائی جاتی ہے۔ ابھار کی ایک اور قسم تعداد میں سات سے لے کر دس تک ہوتی ہے۔ یہ زبان کی پشت پر ہوتے اور ننگی آنکھ سے دکھائی دیتے ہیں۔ سائنسدان چوتھی قسم کے ابھاروں کا بھی ذکر کرتے ہیں جو زبان کی دونوں جانب غشائے مخاطی کی چنٹوں میں اور زبان کی پشت پر پائے جاتے ہیں۔ اس لحاظ سے زبان کو محض ایک سادہ سا عضلہ یا گوشت کا ٹکڑا نہیں سمجھنا چاہئے۔ اس کی ساخت میں جو بے حد پیچیدہ ہے، قدرت نے صناعی کا بہترین مظاہرہ کیا ہے۔ ذائقہ اور حرارت کی حس کے ماسوا زبان جسم کے کسی اور حصے سے کہیں زیادہ حساس ہوتی ہے۔

جانوروں کی دنیا میں زبان کی مختلف اقسام ملتی ہیں۔ مثلاً سانپ کی دوشاخی زبان پر غور کیجئے۔ بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ اپنی پتلی سی لہراتی اور بل کھاتی ہوئی زبان سے کاٹتا ہے اور پھر اپنے شکار کے زخم میں زہر ہلاہل داخل کرتا ہے مگر حقیقت یہ نہیں بلکہ اس مقصد کے لئے وہ اپنے دانت استعمال کرتا ہے۔

سانپ کی زبان دوشاخی ہونے کے علاوہ پتلی اور بے حد حساس ہوتی ہے۔ سانپ ہوا کو محسوس کرنے کے لئے تھوڑے تھوڑے وقفے سے اپنی زبان باہر کی طرف نکالتا ہے۔ پھر جب وہ اس زبان کی نوک سے اپنے تالو کی حس والی خلاؤں کو چھوتا ہے تو ہوا کی بو والے سالمے جو اس کی زبان کی نوک سے چپک جاتے ہیں، اس میں بو کی حس پیدا کرتے ہیں گویا سانپ اپنی زبان سے سونگھنے کا کام لیتا ہے۔ سانپ کے منہ میں ایک غلاف سا ہوتا ہے جس کے اندر وہ اپنی زبان کو محفوظ کر لیتا ہے تاکہ جب یہ زیادہ استعمال میں نہ آئے تو اسے نقصان نہ پہنچے۔ گرگٹ کی زبان اس کے جسم کے تناسب سے بے حد طویل ہوتی ہے۔ جب گرگٹ اپنے شکار کو دیکھتا تو نہایت صبر کے ساتھ ہولے ہولے اس کے قریب پہنچتا ہے۔ پھر بجلی کی سی تیزی کے ساتھ اس کی زبان باہر نکلتی اور پلک جھپکتے میں اس کیڑے کو لئے منہ میں چلی جاتی ہے۔

(کرنیں 15/ اپریل 2007ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 87263 میں حمیدہ بیگم

زوجہ عرفان احمد قوم ماگر پیشہ خانہ داری عمر 64 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم نور ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 20-6-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔طلائی زیور 500-17 گرام مالیتی -/29000 روپے۔ 2۔حق مہر ادا شدہ -/1000 روپے۔3۔ نقد رقم -/17000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ حمیدہ بیگم گواہ شد نمبر 1 عبدالرشید ارشد گواہ شد نمبر 2 محمد صادق ندیم

مسل نمبر 87264 میں عرفان احمد

ولد مولوی فضل دین قوم ماگر عمر 81 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی نور ب ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 23-6-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ 10 مرلہ رہائشی مکان اندازاً مالیتی -/2000000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد عرفان احمد گواہ شد نمبر 1 عبدالرشید ارشد گواہ شد نمبر 2 محمد صادق ندیم

مسل نمبر 87265 میں فرزانہ قدسیہ

زوجہ رفیع احمد طاہر قوم جٹ پیشہ ملازمت عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفتوح غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 25-5-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 7 تولے اندازاً مالیتی -/126000 روپے۔ 2۔حق مہر بذمہ خاوند -/50000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/7497 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ فرزانہ قدسیہ گواہ شد نمبر 1 عبدالقدیر قمر مربی سلسلہ گواہ شد نمبر 2 رفیع احمد طاہر خاوند موصیہ

مسل نمبر 87266 میں امیر احمد شاہد

ولد نثار احمد چوہدری قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 57 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گرین ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ رہائشی مکان مالیتی -/1600000 روپے۔ 2۔ بینک بیلنس -/400000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/12000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد امیر احمد شاہد گواہ شد نمبر 1 عبدالواسع رانا ولد رانا عبدالسلام خاں گواہ شد نمبر 2 اکرام الحق ولد رانا عبدالسلام خاں

مسل نمبر 87267 میں زاہدہ روحی رانا خان

زوجہ امیر احمد شاہد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گرین ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-5-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور ایک تولہ مالیتی -/20000 روپے۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند موصیہ -/5000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ زاہدہ روحی رانا خاں گواہ شد نمبر 1 عبدالواسع رانا گواہ شد نمبر 2 امیر احمد شاہد خاوند موصیہ

مسل نمبر 87268 میں خولہ نصیر

